WWW.dailysaltanat.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC Certified
لاہور، گوجرانوالہ سے بیک وقت شائع ہونے والا موثر اخبار
قوم ملک سلطنت پائندہ تابندہ باد
Daily SALTANAT Lahore
روزنامہ سلطنت لاہور
چیف ایڈیٹر: عرفان بشیر بٹ
ایڈیٹر علی حسین شاد
Email: saltanat_grw@yahoo.com
جلد 12 | شمارہ 27 | ہفتہ 9 ذوالحجہ 1443ھ 9 جولائی 2022ء 26 ہاڑھ | صفحات 6 قیمت 10 روپے
Mob:03016644610-03086501160-03456501160



نارووال۔ایڈوائزر (وفاقی محتسب) گوجرانوالہ شاہد لطیف خاں نارووال میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی محکموں کیخلاف شکایات سن رہے ہیں

# شاہد لطیف خاں ایڈوائزر (انچارج) گوجرانوالہ ڈویژن کی نارووال میں کھلی کچہری

## کھلی کچہری میں دوران سماعت (26) شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر کے لوگوں کو ریلیف فراہم کیا گیا

نارووال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر شاہد لطیف خاں ایڈوائزر (انچارج) گوجرانوالہ ڈویژن شاہد لطیف خاں کی نارووال میں کھلی کچہری، (صفحہ 3 بقیہ 24)

ایڈوائزر وفاقی محتسب نے کھلی کچہری کے دوران لوگوں کی طرف سے مختلف وفاقی محکموں کے خلاف (Outreach Complaint Resolution) کے تحت گیپکو اور سوئی گیس و دیگر کے خلاف 32 شکایات سنی۔ سوئی گیس اور گیپکو کے سینئر افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ کھلی کچہری میں دوران سماعت (26) شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر کے لوگوں کو ریلیف فراہم کیا گیا جبکہ باقی (6) شکایات کو اگلی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔ اس موقع پر موجود شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب کے ادارے کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا شکریہ ادا کیا۔ ایڈوائزر (انچارج) شاہد لطیف خاں نے اس موقع پر کہا کہ اس ادارے کا مقصد لوگوں کو ان کی دہلیز پر مفت اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، اس سلسلہ میں شکایت گزار کو نہ کسی وکیل کی ضرورت ہوتی ہے اور نہ فیس کی جبکہ شکایات کا (40) چالیس دن میں فیصلہ کیا جاتا ہے۔ کھلی کچہری میں شکایات کنندگان نے کہا کہ کھلی کچہری کو ہر صورت جاری رہنے چاہیے کیوں کہ یہ ان کے مسائل کا بہترین حل ہے۔